## سوال

(706) عید کے دن کے مستحب افعال

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عیدالفطر کے دن ہمارے لئے کون سے اعمال وافعال مستحب ہیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عید کے دن مسلمان فرحت ومسرت کا اظہار کرتے ہیں کہ انہوں نے صیام وقیام کی تکمیل کی اور دیگر عبادات کو سر انجام دیا کہ یہ اللہ تعالیٰ کی وہ عظیم نعمتیں ہیں جن کی اس نے اپنے بندوں کو توفیق عطا فرمائی لہذا سب سے پہلے تو وہ عید کی رات اور دن میں نماز عید سے پہلے تکبیریں شروع کردیتے ہیں پھر دن کے ابتدائی حصہ میں اس مخصوص عبادت یعنی نماز عید کے ادا کرنے کے لئے ایک مخصوص اندازہ میں اپنے گھروں سے باہر کھلے میدان میں جاتے ہیں اور اس میں مرد بھی شریک ہوتے ہیں اور عورتیں بھی حتی کہ پردہ نشین دوشیزہ گان بھی اس عبادت میں شریک ہوتی ہیں تاکہ وہ بھی خیر وبھلائی اور مسلمانوں کی دعاء کے اس مقدس موقعہ پر حاضر ہوں جیسا کہ حدیث میں اس کا ذکر ہے نماز عید ادا کرنے کے بعد مسلمان اس نعمت پر خوشی ومسرت کا اظہار کرتے ہوئے عید گاہ سے واپس لوٹتے ہین ایک دوسرے کو سلام اور مبارکباد کہتے ہیں ایک دوسرے کی ملاقات کے لئے آتے جاتے ہیں اور عبادت روزہ کے اختتام پذیر ہونے کی علامت کے طور پر اس دن انواع واقسام کی چیزیں کھاتے پیتے ہیں ۔ ( شیخ ابن جبرین رحمۃ اللہ علیہ )

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## فتاویٰ اسلامیہ : جلد1

## صفحہ نمبر 548

## محدث فتویٰ